**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Pakistan Studies Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

S2301-0611210

1۔ قوم کے درمیان اتحاد و اتفاق کو کون سا مشترکہ نظریہ مضبوط کرتا ہے؟

A۔ ثقافتی اصول
B۔ اخلاقی معیار
C۔ مذہبی روایات
D۔ طرزِ تعمیر

2۔ درج ذیل تمام پہلو کسی قوم میں نظریہ کی اہمیت کو ظاہر کرتے ہیں، **ماسوائے**

A۔ طرزِ زندگی کا تعین کرنا۔
B۔ راہ نماؤں کے انتخاب میں مدد کرنا۔
C۔ قوم میں انفرادیت کو پروان چڑھانا۔
D۔ لوگوں میں قوم کے لیے قربانی کا جذبہ اُجاگر کرنا۔

3۔ ''نہ ہی ہندوؤں کو یہ خوف ہونا چاہیے کہ خود مختار مسلم ریاستوں کے قیام کا مطلب کسی قسم کی مذہبی حکمرانی کا آغاز ہوگا۔۔۔ یہ ایک ایسی ریاست ہے جس کا تصور روسو (Rousseau) سے بھی پہلے کیا گیا تھا۔ ایسی ریاست کی قوت محرکہ، ایک اخلاقی معیار ہوتا ہے جس کے مطابق انسان کوئی زمین سے جُڑی ہوئی مخلوق نہیں ہے۔''

(خطبہ علامہ اقبال الہ آباد 1930)

دیا گیا بیان ہندوستان میں تصوّرِ ریاست کے کس **بنیادی** نظریے کو ظاہر کرتا ہے؟

A۔ جمہوریت
B۔ احتساب
C۔ مذہبی آزادی
D۔ ثقافتی انضمام

4۔ 1906 میں شملہ وفد کی کامیابی نے آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے لیے راہ ہموار کی کیوں کہ مسلمان یہ سمجھ چکے تھے کہ

A۔ مغربی تعلیم اہم ہے۔
B۔ اُنھیں انگریزوں کی حمایت حاصل ہے۔
C۔ اُنھیں آئین میں جگہ ملی ہے۔
D۔ دیگر اقلیتی برادریوں کے ان کے حوالے سے منفی ارادے ہیں۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

5۔ 1906 میں آل انڈیا مسلم لیگ قائم کرنے کا **بنیادی** مقصد کیا تھا؟

A۔ انگریزوں کا فرماں بردار بننا
B۔ دو قومی نظریہ کو برقرار رکھنا
C۔ مسلمانوں کے لیے علیحدہ ملک بنانا
D۔ برِّ صغیر میں روزگار کے یکساں مواقع کا مطالبہ کرنا

6۔ 1939 میں یوم نجات منانے کا مقصد کیا تھا؟

A۔ قراردادِ پاکستان کا جشن منانا
B۔ کانگریسی حکومت کے خاتمے کا جشن منانا
C۔ ہندوؤں کی بنائی ہوئی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنا
D۔ مسلمانوں کے مطالبات کو حکومت تک پہنچانا

7۔ آزادی کے فوراً بعد پاکستان کو کئی سنگین انتظامی مسائل کا سامنا کرنا پڑا جس کے سبب مشرقی پاکستان علیحدہ ہو گیا۔

مذکورہ بالا مسئلہ سے بچا جا سکتا تھا، اگر

A۔ پاکستان کی فوج مضبوط ہوتی۔
B۔ اردو کو مشرقی پاکستان کی قومی زبان بنایا جاتا۔
C۔ مشرقی پاکستان کو حکومت میں جائز نمائندگی دی جاتی۔
D۔ مشرقی پاکستان کے لوگوں کو مشرقی پاکستان میں ہی نوکریاں دی جاتیں۔

8۔ بھارت نے کس بنیاد پر ریاستِ جوناگڑھ پر قبضہ کیا تھا؟

A۔ عوام کی خواہش پر
B۔ قدرتی سرحدوں کی بنا پر
C۔ حکمران کی مرضی پر
D۔ اکثریتی آبادی کے مذہب کی بنیاد پر

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

9۔ 3جون 1947 کے منصوبے کے مطابق، نئی بننے والی ریاستوں نے کس قانون کے تحت ریاستی امور چلانے تھے ؟

A۔ 1927کی سائمن کمیشن کی رپورٹ

B۔ 1932کا وائٹ پیپر

C۔ حکومت ہند کا 1935کا ایکٹ

D۔ 1947کی آزادی کا ایکٹ

10۔ پاکستان میں قومی زبان سے متعلق مسئلے کو حل کرنے کے لیے کون سی زبان شریک قومی زبان قرار پائی؟

A۔ اردو

B۔ سندھی

C۔ انگریزی

D۔ بنگالی

11۔ سندھ طاس معاہدے کے مطابق، دریائے سندھ کے علاوہ وہ کون سے دو دریا ہیں جن کے استعمال کا حق پاکستان کو ملا ہے ؟

A۔ راوی اور بیاس

B۔ راوی اور جہلم

C۔ بیاس اور چناب

D۔ چناب اور جہلم

12۔ 1940کی قرار دادِ پاکستان کو برِّ صغیر کے مسلمانوں کی تاریخ میں ایک اہم موڑ سمجھا جاتا ہے، کیوں کہ اس قرارداد میں

A۔ متحدہ ہندوستان کے تصوّر کو تسلیم کیا گیا تھا۔


B۔ صوبائی خود مختاری کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

C۔ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کیا گیا تھا۔

D۔ ایک علیحدہ ریاست کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

13۔ دیے گیے پاکستان کے نقشے میں 61° E طول البلد کی نشان دہی کیجیے۔




14۔ دیے گیے پاکستان کے نقشے میں 'X' کی علامت کون سے ہمسایہ ملک کو ظاہر کر رہی ہے؟




A۔ افغانستان

B۔ چین

C۔ بھارت

D۔ ایران

15۔ دریا کا پانی پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

مذکورہ بالا معاشی ترقی پانی کو خاص طور پر کہاں استعمال کرنے سے حاصل ہوتی ہے؟

A۔ ماہی گیری
B۔ آب پاشی
C۔ گھریلو استعمال
D۔ آمدورفت

16۔ مغربی ہوائیں بحیرۂ روم کے خطے سے شروع ہو کر ایران اور افغانستان کے راستے پاکستان میں داخل ہوتی ہیں۔

مذکورہ بالا صورتِ حال کے نتیجے میں، پاکستان میں ان ہواؤں سے کون سے صوبے میں زیادہ بارش ہوتی ہے؟

A۔ سندھ
B۔ پنجاب
C۔ بلوچستان
D۔ خیبر پختونخواہ

17۔ اُسامہ پاکستان کے ایک ایسے صوبے میں رہتا ہے جہاں مئی کے وسط سے ستمبر کے وسط تک گرم اور گرد آلود ہوائیں چلتی ہیں، جب کہ یہاں بارش صرف موسمِ سرما میں ہوتی ہے۔

دی گئی معلومات کے پیشِ نظر، اُسامہ کا گاؤں کون سے موسمیاتی زون میں آتا ہے؟

A۔ خشک (arid)
B۔ ساحلی (coastal)
C۔ بالائی (highland)
D۔ نیم خشک (semi-arid)

18۔ وہ کون سا انسانی عمل ہے جس نے **بنیادی** طور پر آب و ہوا کے قدرتی ضابطے میں خلل ڈالا؟

A۔ دیہات سے شہر کی طرف رخ (urbanisation)
B۔ جنگل کا کٹاؤ (deforestation)
C۔ صنعت کاری (industrialisation)
D۔ زرعی سرگرمیاں (agricultural practices)

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

19۔ درج ذیل میں سے زمینی آلودگی کا سبب کیا ہے؟

A۔ کان کنی (mining)
B۔ آئل اسپل (oil spill)
C۔ ٹریفک جام (traffic jam)
D۔ آب پاشی کے غیر موئثر طریقوں کا استعمال (improper irrigation practices)

20۔ پاکستان کا شمار عالمی حدت (global warming) سے بُری طرح متأثر ہونے والے ممالک میں ہونے کی وجہ کیا ہے؟

A۔ زمینی خدوخال (topography)
B۔ جغرافیائی محلِ وقوع (geographical location)
C۔ بحیرۂ عرب میں پیدا ہونے والے آبی بخارات (water vapours created in Arabian sea)
D۔ مغربی ہواؤں (western depressions) کی وجہ سے زیادہ ہوائیں موصول ہونا

21۔ پاکستان کے شمال-مشرقی علاقوں میں لوگ کھانا پکانے کے لیے درخت کاٹتے ہیں جس سے وہاں کے درجۂ حرارت میں اضافہ ہوا ہے۔

مذکورہ بالا صورتِ حال کے پیشِ نظر، حکومت کو بڑھتے ہوئے درجۂ حرارت کے اثرات کو کم کرنے کے لیے کون سا اہم قدم اٹھانا چاہیے؟

A۔ ہر جگہ فارسٹ افسران کو مقرر کرے
B۔ علاقے کے لوگوں کے لیے قدرتی گیس کی فراہمی کو یقینی بنائے
C۔ جنگلات کے کٹے ہوئے علاقے کو آب پاشی کی سہولیات فراہم کرے
D۔ جنگلات کی کٹائی اور لکڑی کے استعمال سے متعلق قوانین بنائے

22۔ پاکستان کے کس صوبے میں سنگِ مرمر (ماربل) کے پتھر کے ذخائر کم پائے جاتے ہیں؟

A۔ سندھ
B۔ پنجاب
C۔ بلوچستان
D۔ خیبر پختونخواہ





AKU-EB 2023 for Annual Examination Teaching and Learning only

23۔ چونے کا پتھر پاکستان کی معاشی سرگرمیوں کے لیے ایک اہم معدن (mineral) ہے، کیوں کہ یہ ایک خام مال ہے۔
مذکورہ بالا معلومات کی روشنی میں بتائیے کہ چونے کا پتھر کس کی تیاری میں اہم خام مال کی حیثیت رکھتا ہے؟

A۔ اسٹیل
B۔ سیمنٹ
C۔ موٹر گاڑیوں
D۔ آلاتِ جراحی

24۔ پاکستان کے جغرافیائی اور معاشی حالات کے تناظر میں سب سے زیادہ مناسب اور قابلِ تجدید توانائی (renewable energy) کا ذریعہ کیا ہو سکتا ہے؟

A۔ بائیوماس (biomass)
B۔ حرکی توانائی (wind energy)
C۔ شمسی توانائی (solar energy)
D۔ نیوکلیائی توانائی (nuclear energy)

25۔ درج ذیل میں سے وہ کون سی فصلیں ہیں جنھیں بوائی کے وقت 10 سے 15 سینٹی گریڈ اور کٹائی کے وقت 25 سے 30 سینٹی گریڈ درجۂ حرارت درکار ہوتا ہے؟

A۔ گندم اور چاول
B۔ روئی اور گندم
C۔ چاول اور گنا
D۔ روئی اور گنا

26۔ سمینہ ایک مویشی فارم بنانا چاہتی ہے۔ ان کے پاس فارم کے حوالے سے بہت سارے نقشے (design) ہیں، لیکن اسے اپنے مالی تخمینے، پانی کی دست یابی اور علاقے کے درجۂ حرارت کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہے۔

دی گئی صورتِ حال کے تناظر میں، سمینہ کس **انسانی عنصر** (human factor) پر غور کر رہی ہے؟

A۔ مویشی
B۔ پانی
C۔ بجٹ
D۔ درجۂ حرارت

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

27۔ معاشی تنگ دستی کی وجہ سے پاکستان میں کسان فصل کاشت کرنے کے لیے قدیم اور روایتی طریقے استعمال کرتے ہیں۔ وہ کھیتی باڑی کے جدید طریقے استعمال نہیں کرتے، جس کے نتیجے میں زیرِ کاشت رقبے کا استعمال کم ہوتا ہے۔

مذکورہ بالا مسئلے کے مؤثر حل کے لیے حکومت کو کیا کرنا چاہیے؟

A۔ کسانوں کو آسان شرائط پر قرض فراہم کرے

B۔ کسانوں کو ٹیکس میں رعایت دے

C۔ کاشت کاری میں مشینری کو متعارف کروائے

D۔ زراعت پر مبنی صنعت کو فروغ دے (agro-based industry)

28۔ احمر کو ایسی زمین وراثت میں ملی ہے جس کی سطح پر نمک کی موجودگی کے سبب کاشت کے قابل نہیں ہے۔ احمر اس زمین کو دوبارہ قابلِ کاشت بنانا چاہتا ہے۔

دی گئی صورتِ حال کے تناظر میں، آپ احمر کو کیا تجویز دیں گے؟

A۔ سفیدے کے درخت لگائے (eucalyptus plants)

B۔ زمین کے نمک زدہ حصّے میں چونے کا استعمال کرے

C۔ اپنی فارم پر ٹیوب ویل لگائے

D۔ زمین پر ٹریکٹر کی مدد سے ہل چلائے

29۔ پاکستان میں نقدی فصلیں کاشت کرنے کی **بنیادی** وجہ کیا ہے؟

A۔ منافع کمانا


B۔ خاندانی ضروریات کو پُورا کرنا

C۔ ملک کی غذائی ضروریات کو پُورا کرنا

D۔ زرعی زمین کی نمکیاتی ضروریات کو پُورا کرنا

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

30۔ دیے گیے جنگلات میں سے کون سا جنگل پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں پایا جاتا ہے؟

| | |
|---|---|
|  |  |
| A | B |
|  |  |
| C | D |

Annual
Teaching and

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only